© rasailojaraid.com



میں شرکت کی اور پاکستان کے حالات اور تازہ ترین صورت حال پر خطاب کیا۔

## وفاقی وزیر غلام دستگیر خان اور سینیٹر راجہ ظفرالحق کی تشریف آوری

دسمبر کے آغاز میں وفاقی وزیر جناب غلام دستگیر صاحب اور موتمر العالم الاسلامی کے سیکرٹری جناب سینیٹر راجہ ظفرالحق صاحب دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے جن کے مولانا سمیع الحق کے ساتھ پرانے دوستانہ مراسم ہیں انہوں نے دارالعلوم حقانیہ کے مختلف شعبہ جات جامعہ حقانیہ ہائی سکول دارالحفظ والتجوید شعبہ تخصص والافتاء، موتمر المصنفین، ادارۃ العلم والتحقیق، کتب خانہ، ماہنامہ الحق اور درسگاہوں کا معائنہ کیا۔ حقانیہ ہائی سکول تعلیم القرآن میں خطاب کرتے ہوئے جناب سینیٹر راجہ ظفرالحق صاحب نے کہا کہ میں اس وقت بھی یہاں آیا کرتا تھا جب حضرت مولانا عبدالحق صاحب حیات تھے جو کہ ہمارے بڑے مشفق تھے دارالعلوم حقانیہ جامع ازہر کی طرح علم کا بہت بڑا دریا ہے جس سے لاکھوں لوگ سیراب ہوئے اور ہو رہے ہیں اس درسگاہ نے ایسے ایسے لوگ پیدا کئے ہیں جنہیں دیکھ کر اسلاف کی یاد تازہ ہوتی ہے دارالعلوم حقانیہ کے فارغ التحصیل طلباء نے ظلم وجبر کو توڑنے اور افغانستان میں بھرپور جہاد کا کردار ادا کیا دنیا کی کوئی طاقت یہاں کے فضلاء کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ میں مولانا سمیع الحق اور اساتذہ کرام کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو دین کی خدمت کر رہے ہیں دراصل یہ مدرسہ دینی فیکٹری کی مانند ہے یہاں کے فضلاء نے جہاد افغانستان میں شریک ہو کر سپر پاور کو شکست دی۔ ہماری سپر پاور اللہ کی طاقت ہے جہاد افغانستان نے اسلام کا اہم کردار ادا کیا۔ مٹھی بھر مجاہدین نے اپنے جذبۂ ایمانی سے روس جیسی سپر پاور کو شکست دی اور ابھی تک اس کے پاؤں زمین پر نہیں ٹک رہے ہیں ان کا آخری انجام سب کے سامنے عیاں ہے یہ سب کچھ ایمان کی قوت کی وجہ سے ہوا اللہ تعالیٰ نے دارالعلوم حقانیہ کو دین کی سربلندی کا اعزاز بخشا اس لیے میں طلباء سے عرض کرتا ہوں کہ آپ بھی اس مدرسے سے فارغ ہونے کا شرف حاصل کریں اس ادارے میں تعلیم حاصل کرنا آپ کے واسطے اور آئندہ نسلوں کے لیے سعادت ہے اور میرے لیے بھی سعادت ہے۔

جناب وفاقی وزیر غلام دستگیر خان نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ آپ کی دینی درسگاہ حقانیہ ہائی سکول میں قرآن پاک کی تعلیم ہوتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ آپ کے لیے سعادت ہے سکول تو بہت ہیں لیکن یہ سکول مثالی دینی ادارہ ہے۔ مولانا عبدالحق صاحب کی تمام زندگی مدرسے کی خدمت اور اس علاقے کی خدمت میں گزری ہے میں سمجھتا ہوں کہ مولانا صاحب نے جس مدرسے کی بنیاد رکھی ہے ہمیں اسے مزید آگے بڑھانا چاہیے اور ہم قرآن کریم پر عمل کر کے ہی صحیح مسلمان بن سکتے ہیں پھر دنیا کی کوئی طاقت ہمارا مقابلہ نہیں کر سکتی میں اساتذہ کرام کا شکر گزار ہوں اور مولانا صاحب کا بھی۔ یہ مدرسہ دینی فیکٹری کی مانند ہے اور اس مدرسے کے لیے زیادہ سے زیادہ فنڈ دوں گا فی الحال میں اپنی جیب خاص سے غریب اور نادار بچوں کے لیے کتابوں کے لیے ۱۰ ہزار روپے کا اعلان کرتا ہوں۔



© rasailojaraid.com